اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# مَدَنی مذاکرے کے منتخب سُوال جواب (مختصر و خلاصہ)

| | | |
|---|---|---|
| 2صفر المظفر 1445ھ | عالمی مدنی مرکز فیضان مدینہ کراچی | 19 اگست 2023ء |

**سوال:** طبیعت میں ٹھہراؤ کس طرح لایا جائے؟

**جواب:** **غصیلے شخص میں جذباتی پن زیادہ ہوتا ہے** یا زیادہ عمر ہونے سے بھی بندہ غصیلا ہو جاتا ہے۔ اس کا حل یہ ہے کہ غصے کو با تکلف کنٹرول کرے، دینی کتابوں کا مطالعہ کر کے غصے کے نقصانات جاننے کی کوشش کی جائے۔ غصے پر قابو پانے کے فضائل پر نظر رکھی جائے۔ جذباتی انداز کی وجہ سے پہلے جو نقصانات ہوئے ہوں تو انہیں یاد کر کے اپنے انداز کو کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔ بعض اوقات جلد بازی کی وجہ سے بھی غصہ آجاتا ہے تو کوشش کر کے اسے بھی کنٹرول کیا جائے۔

**سوال:** نیکی کی دعوت کیسے دی جائے؟

**جواب:** حکمتِ عملی کے ساتھ، سامنے والے کی نفسیات کے مطابق نیکی کی دعوت دی جائے۔

**سوال:** کچھ لوگ صفر کے مہینے کو منحوس سمجھتے ہیں، اس کی کیا وجہ کیا ہے؟

**جواب:** اسلام سے پہلے بھی لوگ اسے منحوس سمجھتے تھے، اسلام نے اسے منحوس کہنے، سمجھنے سے منع کیا ہے۔ مکتبۃ المدینہ کی کتاب **بدشُگونی** پڑھئے۔ **ماہِ صفر ماہِ خیر ہے**، اس میں کئی اولیائے کرام کے عُرس مبارک ہوتے ہیں۔ **امامِ اہلسنت، سیدی اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان** رحمۃ اللہ علیہ کا عرس بھی اسی ماہِ صفر میں ہوتا ہے۔ اس لیے دعوتِ اسلامی والے اسے **ماہِ رضا** بھی کہتے ہیں۔

**سوال:** کیا اسلامی مہینوں میں بھی کوئی مہینا 31 دن کا ہوتا ہے؟

**جواب:** نہیں، اسلامی مہینا 29 یا 30 دن کا ہوتا ہے۔

**سوال:** کون سی دعائیں افضل ہیں؟

**جواب:** **ماثورہ دعائیں** یعنی وہ دعائیں جو قرآن و حدیث میں آئی ہیں، **وہ دعائیں پڑھنا افضل ہے۔**

**سوال:** کیا رات کو برتن دھو کر سونا چاہئے؟

**جواب:** حدیث پاک ہے: برتنوں کا ڈھلا رکھنا اور صحن کا صاف رکھنا غنا کا باعث ہے۔ (دیلمی، کنزالعمال ص: 277) رات کو برتن دھونے کی تاکید پڑھی نہیں۔

**سوال:** آپ کو **اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان** رحمۃ اللہ علیہ کا تعارف کب ہوا؟

**جواب:** میں چھوٹی عمر میں نعتوں میں **"رضا"** تخلص سنتا تھا تو یوں تعارف ہوا۔ ایک شخص نے آپ کا نام لے کر رحمۃ اللہ علیہ کہا تو میں نے اس سے پوچھا کہ کیا یہ کوئی بزرگ تھے؟ تو انہوں نے مجھے **اعلیٰ حضرت** کا تعارف کروایا۔

**سوال:** اِس ہفتے کا رِسالہ **"امیر اہلِ سنت سے تلاوتِ قرآن کے بارے میں سوال جواب"** پڑھنے یا سُننے والوں کو جانشین امیر اہل سنت نے کیا دُعا دی؟

**جواب:** یا اللہ پاک! جو کوئی 14 صفحات کا رسالہ **"امیر اہلِ سنت سے تلاوتِ قرآن کے بارے میں سوال جواب"** پڑھ یا سُن لے اسے قرآنِ کریم کی تلاوت کرنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرما اور اس کی بے حساب مغفرت فرما۔ اٰمِیْن بِجَاہِ خاتم النَّبیّٖن صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم۔

مشاورت آفس پاکستان
Pakistan Mushawarat Office
(Dawateislami)